**وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک کی لندن میں ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین سے ملاقات**

**پاکستان میں طالبانائزیشن اور دہشت گردی کے خلاف جاری جنگ، بلوچستان کی صورتحال، توانائی کے بحران، سیاسی حالات اور ملک کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال**

**سول اور عسکری قیادت نتائج کی پرواہ کئے بغیر ملک کو دہشت گردی کی لعنت سے نجات دلانے کیلئے جس طرح رات دن جراتمندانہ کوششیں کررہی ہے اس پر پوری قوم انہیں سلام پیش کرتی ہے۔ الطاف حسین**

**پیٹرولیئم مصنوعات کی قیمتوں اور مہنگائی پر قابو پانے کیلئے ماہرین معاشیات سے مشاورت کرکے اقدامات کئے جائیں**

**بلوچستان اور صوبائی خودمختاری کے معاملے کو حل کرنے کیلئے فوری طور پر ایک گول میز کانفرنس منعقد کی جائے**

**بعض عناصر اپنے مفادات کیلئے موجودہ جمہوری حکومت کے خلاف سازشیں کررہے ہیں۔ الطاف حسین**

**ملک کو طالبانائزیشن سے نجات دلانے اور جمہوری نظام کو مستحکم کرنے کے سلسلے میں الطاف بھائی کا جو رول ہے اس سے کوئی انکار نہیں کرسکتا۔ رحمٰن ملک**

**جو عناصر بھی موجودہ جمہوری حکومت کے خلاف سازشیں کررہے ہیں انہیں ناکامی ہوگی۔ رحمٰن ملک**

لندن۔۔۔یکم جولائی 2009ء

وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک نے گزشتہ روز ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین سے ملاقات کی۔ ملاقات کئی گھنٹے جاری جس کے دوران پاکستان میں طالبانائزیشن اور دہشت گردی کے خلاف جاری جنگ، بلوچستان کی صورتحال، ملک میں توانائی کے بحران، سیاسی حالات اور ملک کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ ملک کی سول اور عسکری قیادت نتائج کی پرواہ کئے بغیر ملک کو دہشت گردی کی لعنت سے نجات دلانے کیلئے جس طرح رات دن جراتمندانہ کوششیں کررہی ہے، فوج، ایف سی اور پولیس کے افسران اور جوان جس طرح بہادری سے اپنی جانوں کی قربانیاں دے رہے ہیں اس پر پوری قوم انہیں سلام پیش کرتی ہے۔ انہوں نے ملک کو دہشت گردی سے نجات دلانے کی کوششوں میں ایک مرتبہ پھر ایم کیو ایم کی جانب سے غیر مشروط تعاون پیش کیا اور کہا کہ اس مقصد میں پوری قوم سول اور عسکری قیادت کے ساتھ ہے۔ انہوں نے وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک کو طالبان کی جانب سے دی جانے والی دھمکیوں کی مذمت کی اور کڑے حالات کا جراتمندی سے سامنا کرنے اور ڈٹے رہنے پر انہیں خراج تحسین پیش کیا۔ جناب الطاف حسین نے ملک کو بحرانوں سے نکالنے اور درپیش چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے صدر آصف زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کی کوششوں کو سراہا اور ان سے کہا کہ پیٹرولیئم مصنوعات کی قیمتوں اور مہنگائی پر قابو پانے کیلئے ماہرین معاشیات سے مشاورت کرکے ان کی تجاویز کی روشنی میں اقدامات کئے جائیں۔ بلوچستان کے مسئلے کے بارے میں اظہار خیال کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ بلوچستان کا واحد حل یہی ہے کہ بلوچستان اور صوبائی خودمختاری کے معاملے کو حل کرنے کیلئے فوری طور پر ایک گول میز کانفرنس منعقد کی جائے جس میں تمام سیاسی و مذہبی جماعتوں اور قوم پرست رہنماؤں کو بلایا جائے اور ان کی آراء لی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ بعض عناصر اپنے مفادات کیلئے موجودہ جمہوری حکومت کے خلاف سازشیں کررہے ہیں، انہوں نے سازشی عناصر سے کہا کہ ملک، عوام، جمہوریت کی بقاء اور اپنی نسلوں کے مستقبل کے تحفظ کیلئے سازشوں سے گریز کریں کیونکہ ملک اس وقت کسی بھی قسم کی محاذ آرائی کا متحمل نہیں ہوسکتا۔ وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک نے اس موقع پر ملک کو بحرانوں سے نکالنے کیلئے حکومت سے غیر مشروط تعاون اور رہنمائی کرنے پر صدر آصف زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کی جانب سے جناب الطاف حسین کا خصوصی شکریہ ادا کیا اور کہا کہ طالبان جو دراصل ''ظالمان'' ہیں ان کی دہشت گردی اور طالبانائزیشن کے خلاف سب سے پہلے آپ نے اسٹینڈ لیا اور جن خطرات سے قوم کو آگاہ کیا آج وہ تمام باتیں درست ثابت ہورہی ہیں اور آج پوری قوم طالبان کے خلاف ایک ہوچکی ہے۔ رحمٰن ملک نے کہا کہ ملک کو طالبانائزیشن سے نجات دلانے اور جمہوری نظام کو مستحکم کرنے کے سلسلے میں الطاف بھائی کا جو رول ہے اس سے کوئی انکار نہیں کرسکتا۔ انہوں نے طالبان کی جانب سے انہیں دی جانے والی دھمکیوں کے حوالے سے کہا کہ پاکستان کی بقاء اور اسے خطرات سے بچانے کیلئے ان کی جان قربان ہے، وہ دہشت گردوں کی دھمکیوں سے قطعی مرعوب نہیں ہوں گے اور ملک کو دہشت گردی سے نجات دلانے کی کوششیں جاری رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ میں فخر سے کہتا ہوں کہ ملک کے دفاع کی خاطر دہشت گردی کے خلاف اس جنگ میں اب تک دو ہزار سے زائد فوج

کے افسران اور جوان شہید ہوچکے ہیں لیکن ہم نے دہشت گردوں کے آگے ہتھیار نہیں ڈالے۔انہوں نے کہا کہ طالبان نے دہشت گردی کا جو بازار گرم کیا تھا اس سے پوری دنیا میں اسلام اور پاکستان کا نام بدنام ہوا لیکن اب ان دہشت گردوں کو دوبارہ ایسا کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی،اب دہشت گردوں کے دن پورے ہوچکے ہیں اور انہیں آج نہیں تو کل ہتھیار ڈالنا ہوں گے۔رحمٰن ملک نے کہا کہ جو عناصر بھی موجودہ جمہوری حکومت کے خلاف سازشیں کررہے ہیں انہیں ناکامی ہوگی،ایم کیو ایم اور پیپلز پارٹی دونوں اتحادی جماعتیں ملکران سازشوں کا مقابلہ کریں گی اور ماضی کی طرح ان سازشوں کو بھی ناکام بنائیں گی اور ملک کی بقاء،جمہوریت کے استحکام اور عوام کے مسائل کے حل کیلئے مل جل کرکوششیں جاری رکھیں گی۔

## دہشت گردی کے خلاف جاری جنگ میں شہید ہونے والے مسلح افواج کے کیپٹن عابد خانزادہ شہید سمیت فوج کے دیگر تمام شہید افسروں اور جوانوں کو الطاف حسین کا خراج عقیدت

## ملک کو دہشت گردی کی لعنت سے نجات دلانے کیلئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے فوج،ایف سی اور پولیس کے افسران اور اہلکار قوم کے ہیرو ہیں اور پوری قوم انہیں سلام پیش کرتی ہے۔الطاف حسین

لندن۔۔۔یکم جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے دہشت گردی کے خلاف جاری جنگ میں شہید ہونے والے مسلح افواج کے کیپٹن عابد خانزادہ شہید سمیت فوج کے دیگر تمام شہید افسروں اور جوانوں کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ملک کو دہشت گردی کی لعنت سے نجات دلانے کیلئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے فوج، ایف سی اور پولیس کے افسران اوراہلکار قوم کے ہیرو ہیں اور پوری قوم انہیں سلام پیش کرتی ہے۔ جناب الطاف حسین نے کیپٹن عابد خانزادہ شہید اور دیگر تمام شہید افسران اور اہلکاروں کے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ملک کی راہ میں جان قربان کرنے والوں کو شہادت درجہ عطا کرے،انہیں جنت الفردوس میں جگہ دے اور ان کے لواحقین کو صبر و حوصلہ عطا کرے۔

## کے ای ایس سی کے ملازمین موسموں کی سختیاں جھیلتے ہوئے ادارے کے فرسودہ بجلی کے آلات کی مرمت کرنے میں دن رات جانفشانی سے کام کررہے ہیں،انچارج لیبر ڈویژن

## چند بدعنوان افراد کی وجہ سے چیف ایگزیکٹو کی جانب سے ادارے کے تمام ملازمین کو موردِ الزام ٹھہرانا سراسر زیادتی ہے

## خورشید بیگم میموریل ہال میں لیبر ڈویژن کے اجلاس سے خطاب،کے ای ایس سی کے چیف ایگزیکٹو کے بیان کی شدید مذمت

کراچی۔۔۔یکم،جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کا ایک ہنگامی اجلاس خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں منعقد ہوا جس میں کے ای ایس سی کے چیف ایگزیکٹو نوید اسماعیل کے بیان کی شدید مذمت کی گئی اور بجلی کی غیر اعلانیہ اور طویل دورانیے کی لوڈ شیڈنگ کے تسلسل پر گہری تشویش کا اظہار کیا گیا۔اجلاس کی صدارت ایم کیو ایم لیبر ڈویژن کے انچارج وسیم قریشی نے کی اس موقع پر ایم کیو ایم لیبر ڈویژن کی سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی کے اراکین اور کارکنان بھی بڑی تعداد میں موجود تھے۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انچارج لیبر ڈویژن وسیم قریشی نے کہا کہ کے ای ایس سی کی جانب سے عوام کو بجلی فراہم نہیں کی جارہی ہے جس کے باعث ہر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد شدید متاثر ہیں جبکہ کے ای ایس سی کے چیف ایگزیکٹو نوید اسماعیل اپنے بیان میں کراچی کے عوام کو دھمکی دے رہے ہیں کہ اگر ایک دن بھی بجلی کا بل جمع کروانے میں تاخیر کی گئی تو بجلی کاٹ دی جائے گی کیونکہ کے ای ایس سی کریڈٹ کارڈ کمپنی نہیں ہے اور انہوں نے کے ای ایس سی کے ملازمین پر بھی بدعنوانیوں کے الزامات عائد کئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ چند بدعنوان افراد کی وجہ سے ادارے کے تمام ملازمین کو موردِ الزام ٹھہرانا سراسر زیادتی ہے،کے ای ایس سی کے ملازمین موسموں کی سختیاں جھیلتے ہوئے ادارے کے فرسودہ بجلی کے آلات کی مرمت کرنے میں دن رات جانفشانی سے کام کررہے ہیں اور ادارے کی نیک نامی کا باعث بن رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ کے ای ایس سی کی انتظامیہ نے اپنی نااہلی و بے حسی سے کراچی کی عوام کو گرمی کے اس شدید موسم میں عذاب میں مبتلا کررکھا ہے،اسپتالوں میں بجلی نہ ہونے کے باعث سینکڑوں مریضوں کے آپریشن ملتوی کئے جارہے ہیں جس سے ان کی جانوں کو

خطرات لاحق ہیں،معصوم طلباء اپنے امتحانات کی تیاری موم بتی کی روشنی میں کرنے پر مجبور ہیں، لاکھوں افراد پوری رات جاگ کر نیند کے عالم میں صبح اپنے اپنے روزگار پر جارہے ہیں جس کی وجہ سے ان کی صحت اور کارکردگی متاثر ہورہی ہے اوران پر منفی اثرات مرتب ہورہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ادارے کے چیف ایگزیکٹو کی جانب سے ادارے کے ملازمین کی محنت کی تعریف کرنے کے بجائے ان کو چور کہا جارہاہے جو انتہائی قابل مذمت ہے اوراس رویہ پرادارے کے ملازمین بھرپوراحتجاج کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔وسیم قریشی نے کہا کہ کے ای ایس سی کی انتظامیہ کراچی کے عوام اور ملازمین کے زخموں پر مرہم رکھنے کیلئے اپنے وعدوں کے مطابق تمام تر مالی وسائل ایمانداری کے ساتھ ادارے کی بہتری کیلئے استعمال کرے بصورت دیگرعوامی غیض وغضب کے سامنے کوئی جابر ظالم اوراس کے حواری نہیں رک سکیں گے۔

## ملیر سیکٹر کے شہید کارکن رفیق کی صاحبزادی،صوبہ پنجاب ضلع وتحصیل بہاولنگر کے کارکن کے والداورکورنگی ٹاؤن کے جنرل کونسلر کی والدہ محترمہ کے انتقال پررابطہ کمیٹی کا اظہارتعزیت

کراچی۔۔۔یکم، جولائی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 95 کے شہید کارکن رفیق کی صاحبزادی محترمہ شکیلہ ناز، ایم کیوایم صوبہ پنجاب ضلع وتحصیل بہاولنگر کے کارکن محمد جمشید راٹھور کے والد محمد سلیم راٹھوراورکورنگی ٹاؤن کی یوسی کے حق پرست جنرل کونسلر مجیب اللہ لودھی کی والدہ محترمہ شاہجاں لودھی کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆